Tarjihaat
Volume:III
Issue: XI-XII
نومبر۔ دسمبر ۲۰۲۳
Nov-Dec. 2023
ISSN: 2583-0082
Online Research Jornal

ڈاکٹر ریشا قمر
گلبرگہ کرناٹک

# عبدِ باکمال

اقبال کا مقام بلند اور بے مثال
دنیا میں ایسا کوئی ی نہیں عبدِ باکمال

جو کام آپ نے کیے، کوئی ی نہ کر سکا
سب کارنامے آپ کے ٹھہرے ہیں لازوال

سب کو خودی کا درس دیا، معتبر کیا
عشقِ نبی سے آپ کا سینہ تھا مالا مال

امت کی خیر خواہی کے دیکھے ہزار خواب
اپنے، پرائے سب کا رکھا آپ نے خیال

انسانیت کا فخر، محبت کے داعی تھے
اپنے معاملات میں رکھتے تھے اعتدال

اقبال کا کلام ہے جدت کا آئینہ
اقبال کے کلام میں قدرت کا ہے جمال

اقبال نے زمانے کو بیدار کر دیا
اے کاش ہو ریشا مرے فن کا بھی یہ حال

***